جب مکلف کیا تو یہ شخص حاضر نہین ہو جانے کا وزیر حاضر
ہو ہنے سے اور نہ مبعوث لوگون کی طرف لیکن مکلف ہو گیا
دیکہکر اور مامور ہو گیا اور جو ایمان بالغیب لائے اوسکی مثال ایسی ہے
جیسے ایک اندہا ہے اوسکو بینا نے خبر دی کہ آفتاب طلوع ہوا اوس نے
یقین کر لیا ایسے کہ اوسکے دل مین اوسکے عکس نہین اور نہ کوئی احتمال
ضعیف بہی لیکن اوسکے دل کو یقین ہے کہ آنکہون والے نے
خبر دی ہے نہ بغیر وسیلہ آنکہون والے کے اور کامل فرد وہ نہین
وہ فرد ہے جسکو دو نو قسم کا ایمان ہے اوسکو ارتباط حق ہے
پہلے ہی سے جسمین توسط نہین اس ارتباط سے اوس پر ترشح ہوتی ہین
وہ سب علوم جو اللہ نے نازل کئے اپنے نبیون پر اُس نے
اون پر یقین کیا بلکہ اطمینان کیونکہ وہ تہا بینہ پر اپنے رب کے
اس ارتباط کے موافق نہین کوئی اوس پر کوئی فرمان
کہ اوس کی حفاظت کرے اور اوسکو روکے رکہے آگے سے

وانما حفظ الحق له وعصمته هو الذی یمسك بيديه فهو يحس بهذا الحفظ ويرى انه لو انقطع لما كان مستقره الا الهاوية السفلى وهو يحسبه محقق بالعلم الالهى وبازاء ذلك عالة تعالى بين يدى العوام كمال الايمان بالغيب والانحفاظ بالنواميس والجزم بواسطة الخبر والانقياد التام للمخبر الصادق والمحبة الصادقة له فالايمانان متحققان للفرد ولكن عند شعشعان انوار الايمان الاول قد يخفى الثانى وكنت ذات ليلة اصلى التهجد فى الحجر اذ تشعشع انوار الايمان على بينة فغلبت وبهرت فتاملت الايمان بالغيب فلم اجده ثم تاملته فلم اجد حتى اشتد تحسرى عليه وانا اسف ثم بعد حين ما ظهر هذا الايمان واطمئن الخاطر فتدبر

تحقیق شریف

الاولیاء كثيرا ما يلهمون ان الله تعالى اسقط عنهم التكليف وانه خيرهم فى الطاعات ان شاؤا فعلوها وان لم يشاؤا لم يفعلوها حكى سيدى الوالد رضى الله عنه عن نفسه انه الهم بهذا وانه دعا الله تعالى ان يقيم عليه التكليف وما اختار الا التمسك ولم يكن من مذهبه سقوط التكليف عن احد من خلق الله ما دام عاقلا بالغا فرابه يرى الالهام حقا ويرى مذهبه حقا ويتحير فى التطبيق واخبرت عن سيدى العم قدس سره انه كان يخبر عن نفسه انه الهم بسقوط التكليف وقيل له ان عبادات خوفا

اوسکو اللہ کی حفاظت اور عصمت اپنے روبرو روکے ہوئے ہے وہ معلوم کرتا ہے اس حفظ کو اور جانتا ہے کہ اگر اس سے الگ ہوا تو پھر جہنم مین ہے ٹھکانا ہے اور وہ موافق اسکے محقق بعلم الٰہی ہے اور سوا اسکے اوسکے واسطے ہی تدلی مقابل عوام کے جسکا کمال ایمان بالغیب ہے اور حفاظت کرنے والی شریعت اور یقین بواسطہ خبر کے اور مخبر صادق کا انقیاد پورا پورا اور اوس سے محبت صادق پس یہ دونون ایمان کی قسمین فرد کے واسطے محقق ہین لیکن جب پہلے قسم کے ایمان کے نور چمکتے ہین تو دوسری قسم کے ایمان کے نور چھپ جاتے ہین اور مین ایک رات تہجد پڑھتا تھا حرم مین انوار ایمان علے بینہ کے چمکے اور غالب آگئے اور مین متحیر ہوا مینے سوچا کہ ایمان بالغیب ہے تو نپایا اوسکو پھر سوچا مین نے تو اوسے نپایا یہان تک کہ معلوم ہوا مین حسرت کرتا ہون اور افسوس پھر کچھ دیر مین ظاہر ہوا ایمان اور مجھے اطمینان آگیا تو اسے غور کرو

تحقیق شریف

بہت اولیاؤن کو الہام ہوتا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے انسے تکلیف شرعی معاف کی تھین اختیار ہی عبادت چاہے کرو چاہے نکرو حضرت قبلہ گاہ صاحب نے اپنی حکایت بیان کی مجھسے کہ اونکو بھی یہ الہام ہوا اور اونہون نے اللہ سے دعا کی کہ مجھپر شرع کی تکلیف قایم رہے اور اونہون نے سوا شرع کے نہ اختیار کیا اونکا مذہب نہ تھا تکلیف شرعی معاف ہونیکا کسی سے جبتک عاقل بالغ ہو کوئی ہستی اونہین دیکھا الہام کو بھی حق جانتے تھے اور اپنے مذہب کو بھی حق اور اوس کی تطبیق مین متحیر تھے اور جناب عموی صاحب نے اپنا حال بیان کیا کہ اونکو الہام ہوا کہ تکلیف شرعی معاف کی اگر جہنم سے ڈر کر

من النار فانا قد اجرناك عن النار وان عبدتنا
طمعا في الجنة فانا وعدناك ان ندخلك اياها
وان عبدت طلبا للرضا فانا قد رضينا عنك رضا
لا نسخط بعده فقال رب انما اعبدك لا لشيء هو دونك
وكان قدس سره يميل الى ان الكمل يسقط
عنهم التكليف والله سبحانه هو الذي يقيم عليهم
النواميس من غير اختيارهم وهذا اروي عن كثير
من اولياء الله تعالى والسر في ذلك عندي ان الانسان
اذا انتقل عن الايمان بالغيب بهذه النواميس
الى الايمان بها على بينة ووجد هذه العبادات
والنواميس في نفسه مثل الجوع والعطش
مما لا يقدر على تركه ولا معنى لتعلق التكليف
به لانها من الجبلة التي جبل عليها سواء كان
هذا السر واضحا منشرحا او مجملا ترشح من خلاله
على باطنه خطاب من الحق انما اشارة هذه
الحالة الاجمالية والتفصيلية ان الله تعالى اسقط
عنه التكليف وانه اختار بعد ذلك التنسك
من اختيار قصده وانما مثل هذه الامور عندي
مثل الرؤيا يحتاج الى تعبيرها وانما تعبير هذا
الالهام حصول هذا المقام الذي هو منار
الالهام والحق عندي ان الالهام كله حق لكن
منه الفائض عن لسان خاص ومنار معلوم
ومنه الفائض عن لسان القضاء الحاكم على الوقت
الاول متبع بحسب مقام دون مقام والثاني
هو المتبع المطلق ومن الالهام ما يحتاج الى تعبير

عبادت کرو تو ہمنے تمکو دوزخ سے نجات دی اور جنت کے
واسطے عبادت کرو تو ہمنے جنت کا وعدہ کر لیا تمکو داخل کرینگے
اور ہماری رضا کو عبادت کرو تو ہم راضی ہین کبھی غصہ نکرینگے
تو اونہوں نے عرض کیا کہ یا الٰہی مین تیری عبادت کسی شے
کے لیے نہین کرتا سوا تیرے اور وہ قدس سرہ مائل تھے
اس طرف کہ کاملون سے ساقط ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ
قائم کر دیتا ہے اون پر فرمان و شریعت اون کے بے اختیار
کے اور ایسا ہے بہت اولیاء اللہ سے روایت کیا گیا ہے
اور میرے نزدیک اسمین یہ بھید ہے کہ انسان جب
منتقل ہوتا ہے ایمان بالغیب سے اس نوامیس سے ایمان
علے بینۃ کی طرف اور پاتا ہے اس عبادات اور نوامیس کو
اپنے دل مین مثل بھوک اور پیاس کے جسکے قادر نہین
ترک پر اور کچھہ معنی نہین اوس سے علاقہ تکلیف کے اسلئے کہ وہ تو
اوسکی جبلت ہے جسپر وہ پیدا ہوا برابر ہے کہ یہ سر اوسپر
واضح ہو کہلا کہلا یا مجمل ہو کہ اوسکے باطن پر ترشح ہو
اس سے خطاب اللہ تعالیٰ کا کہ مطلوب اوسکا یہ حالت اجمالیہ اور
تفصیلیہ ہو کہ اللہ تعالیٰ نے اوس سے تکلیف ساقط کی اور اوس نے بعد
اسکے تکلیف شرعیہ کو اختیار کیا اپنے قصد و اختیار سے
اور میرے نزدیک ان امور کی مثال خواب کی مثال ہے کہ تعبیر کی
حاجت ہے اور تعبیر اس الہام کے حاصل ہونا اوس مقام کا ہے جو
الہام کا مطلوب ہے اور میرے نزدیک حق یہ ہے کہ الہام سب حق ہین
لیکن بعضے ان سے زبان خاص سے اور مطلوب معلوم سے فائض ہین
اور بعضے اونکے حکم حاکم وقت سے ہین پہلے متبع موافق
بعضے مقام کے ہین کہ اون کا تابع ہو اور دوسری قسم
متبع مطلق ہین اور بعضے الہام تعبیر کے محتاج ہین

فلابد من استنباط رجل تام المعرفة ومن هذا يحتاج فقد بر

تحقيق شريف ومشاهد اخرى

اعلم ان الارواح اذا فارقت اجسادها ضعف من القوة البهيمية شيأ وقويت الملكية واستقلت بما حلت من الكمال وهذا الكمال على وجوه منها نور الاعمال وذلك لان الملكية اذا اوحت الى البهيمية ان تعمل عملا من الاعمال الصالحة فانقادت البهيمية واجتمعت بشراشرها تحت تصرفها فحصل للملكية انشراح وللبهيمية هيئة تناسب هيئة الملكية وهي غاية كمالها واذا تكرر ذلك مرة بعد اخرى حصل هذا الكمال في جوهر الملكية والبهيمية وكان خلقا لهذه النفس ودينا وجبلة لا تنفك عنها ابدا ومنها نور الرحمة وذلك لان الانسان اذا عمل عملا رضي به الله تبارك وتعالى ورحم لاجله لكونه سببا لتفريج الكروب عن الناس كافة او لكونه سببا لتمام ما اراد الحق بتدليه الى الخلق من الهداية واشاعة النور او لكون هذه النفس معدودة في عداد التدلي بان التفتت هذه النفس وطمحت بجملة همتها الى التدلي واندرجت فيه فعند اجتماع هذه الوجوه الثلثة او وجود واحد منها يشتمله الرحمة الالهية فيظهر حينئذ للنفس انشراح ملكي وانبساط ومنها ان النفس اذا ذكرت جلال ربها اما بالالفاظ او بالمتخيلات كالاشتغال القلبية او بالوهم المحاكي للجبروت وهو الذي يسميها اكثر اهل الزمان يادداشت

توضرور ہے اونمین استنباط کامل معرفت والے شخص کا اور بعضے الہام محتاج تعبیر کے نہین پس غور کرو

تحقیق شریف ومشاہد

اور جاننا چاہیے کہ جب ارواح اجسام سے جدا ہوتی ہین بہت چیزین قوۃ بہیمیہ کی مضمحل ہو جاتی ہین اور قوتین ملکیہ مستقل ہو جاتی ہین جو حاصل کیا تھا کمال اور یہ کمال کئے وجہون پر ہے اونمین سے ایک نور اعمال ہے اور یہ اسلئے کہ جب ملکیہ بہیمیہ کو الہام کرتی ہی کہ کوئی عمل نیک اعمال سے کرے تو مطیع ہو جاتی ہے بہیمیہ تمام اوسکے تصرف مین ملکیہ کو خوشی ہو جاتی ہی اور بہیمیہ کو حاصل ہوتی ہے ایک ہیئت مناسب ملکیہ کی اور یہی اوسکا نہایت کمال ہے اور جب یہ امر کئی بار ہوتا ہے تو جوہر ملکیہ مین کمال حاصل ہوتا ہی جوہر بہیمیہ مین اور اس نفس کے واسطے یہ خلق وعادت ہو جاتا ہے اور دین اور جبلت ایسی کہ کبھی اوس سے جدا نہو اور ایک اون سے نور رحمت ہے یہ اسلئے کہ انسان سے اللہ راضی ہوتا ہے اور اوسپر رحمت کرتا ہے اسلئے کہ وہ انسان لوگوں کی سختی دور کرے سبکی یا اسلئے کہ وہ سبب ہوتا ہے اوسکے پورا ہونیکا جو اللہ نے خلقت پر تدلی کرنے سے چاہا ہے یعنی ہدایت اور نور کی اشاعت یا واسطے ہونیکے اس نفس کے معدود شمار تدلی مین کہ یہ نفس التفات کرے اور مرتفع ہو ہمت کی کوشش سے طرف تدلی کے اور داخل ہو اس مین پس جب جمع ہین یہ تینون وجہ جمع ہوئین یا ان مین سے ایک تو اللہ کی رحمت شامل ہوتی ہے اسوقت اس نفس کے واسطے انشراح ملکی ہوتی ہے اور خوشی اور بعض انسے یہ ہے کہ جب انسان نے اپنے رب کے جلال کو یاد کیا یا لفظون سے یا خیال سے جیسا کہ اشتغال قلبی کا طریقہ ہے یا وہم جو جبروت کے حاکے ہو اور وہی ہے جسے اہل زمانہ یادداشت کہتے ہین

حصل للنفس وخلص اليها ملكة بسيطة ولون
جبروتي وكثيرا ما يسمى ذلك نور ياداشت ومنها
نور الاحوال وذلك لان النفس اذا كانت ممز
يتهيأ لتبدل الاحوال الخوف والرجاء والقلق
والشوق والانس والهيبة والتعظيم وغيرها
خلص الى جوهرها صفاء ورقة قوام فاذا انفكت
عن الجسد ولم يخفقها ارادات متجددة
انطبعت فيها الوان اسماء الحق وانواره وحصلها
رقايق كثيرة وابتهجت بكل رقيقة فهذا
حال اكثر الارواح وبتلك الانوار تكون كمرآة ملقاة
في الشمس امتلئت نورا وضوءا او كحوض
ممتلىء ماء ضربه نور الشمس في يوم رأد الهجير وقت
الهاجرة فاكتسا الماء نور الشمس اذا علمت ما قلنا
وفهمته فاعلم اني لما زرت شهداء بدر رضي الله
تعالى عنهم وقمت بحيال قبورهم سطعت
الانوار من قبورهم الي فعة في اول الامر
كمثل الانوار المحسوسة حتى ترددت اني ادركها
بالحس او ببصر الروح ثم تاملت فيها اي انوار هي
فوجدتها انوار الرحمة ولما زرت القبر الذي
ينسب الى ابي ذر الغفاري رضي الله تعالى عنه
بصفراء والله اعلم بحقيقة الحال وجلست
حياله وتوجهت الى روحه ظهرت لي كمثل
هلال الثالثة فتاملت فيها فاذا نورها نور الاعمال
ونور الرحمة جميعا الا ان نور الرحمة اغلب واظهر
وكنت قبل ذلك بمكة المعظمة في مولد

توحاصل ہوتا ہے نفس کو اور دوست ہوجاتا ہے اوسکا ایک
ملکہ بسیطہ اور رنگ جبروتی اور بہت لوگ اسکو کہتے ہین
نور یادداشت اور انہین سے ہے نور احوال اور یہ اسلئے
کہ نفس جب ہوجاتا ہے اون مین سے جو تیز روہین واسطے
بدلنے حال خوف و رجار او قلق اور شوق و انس و ہیبت
و تعظیم وغیرہ کے دوست ہوجاتی ہے اس کے جوہر کی صفائی
اور رقت قوام جب وہ روح جسم سے جدا ہوئے اور ازاو سکو
گھبرا نلیا ارادون متجددہ نے تو اوس مین منطبع ہوجاتے ہین رنگ
اسمار آلہی کے اور اوسکو حاصل ہوتے ہین لطافتین کثیرہ اور
وہ خوش ہوتی ہے ہر لطافت مین پس یہ احوال اکثر ارواح کا
ہے اور اون نورون سے ہوجاتی ہے مانند ایک آئینہ کے
جو دہوپ مین رکھا ہوا اور چمکتا ہو روشنی آفتاب سے یا مانند ایک
حوض پانی سے لبریز کے جسپر آفتاب چمکتا ہوا اور ٹھیری
ہوئی ہوا اور دوپہر کا وقت ہوا اور وہ پانی نور آفتاب سے منور ہو
پس جب تمنے سمجھ لیا یہ جو ہمنے کہا تو جان لو کہ جب مین نے
زیارت کی شہدار بدر کے رضی اللہ اور رہین اُن کے مزارون کے
گرد کھڑا ہوا تو اُنکے مزارون سے یکبارگی میری طرف نور چمکا ایسا نور
کہ جیسے ان آنکھونکی آگی ہی یہانتک کہ مین تردد مین تھا کہ ان آنکھون سے
دیکھتا ہون یا روح کی آنکھون سے پھر سوچا مینے کہ یہ کونسا نور ہے تو معلوم
کیا کہ یہ انوار رحمت ہین اور جب مینے زیارت کی اوس مزار کی جو
ابوذر غفاری کا مشہور ہے رضی اللہ عنہ وادی صفرار
مین حقیقت حال خدا خوب جانتا ہی جب مین بیٹھا گرد اوس مزار کے اور متوجہ
ہوا اونکی روح کا تو مجھے معلوم ہوا ایک چاند تیسری شب کا مینے سوچا تو وہ نور
نور اعمال و نور رحمت دونو جمع تھے مگر نور رحمت کا غالب اور بہت
ظاہر تھا اور اس سے پہلے مکہ مبارکہ مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے

النبی صلی الله علیه وسلم فی یوم ولادته والناس
یصلون علی النبی صلی الله علیه وسلم ویذکرون
ارهاصاته التی ظهرت فی ولادته ومشاهده
قبل بعثته فرایت انوارا سطعت دفعة
واحدة لا اقول انی ادرکتها ببصر الجسد ولا
اقول ادرکتها ببصر الروح فقط الله اعلم کیف
کان الامر بین هذا وذاک فتاملت تلک الانوار
فوجدتها من قبل الملائکة المؤکلین بامثال
هذه المشاهد وبامثال هذه المجالس ورایت
یخالط انوار الملائکة انوار الرحمة

مشاهد اخری بالاجمال

لما دخلت المدینة
المنورة وزرت الروضة المقدسة علی صاحبها
افضل الصلوات والتسلیمات رایت روحه
صلی الله علیه وسلم ظاهرة بارزة لا فی عالم
الارواح فقط بل فی المثال القریب من الحس
فادرکت ان العوام انما یذکرون حضور النبی
صلی الله علیه وسلم فی الصلوات وامامته بالناس
فیها وامثال ذلک من هذه الدقیقة ولکن
الناس عامة لا یلهجون بشیء الا بما له شیء
علی ارواحهم من علم فیاخذون اما حقیقته
واما شبحه فیجلس واحد ویتلقاه الآخر بالقبول
لما ادرکه ادراکا اجمالیا ویسمعه ثالث فیتقوی
یداه بوجه آخر ورابع فیذکر شیئا مناسبا
وهلم جرا حتی یتفق امة من الناس علی ذلک
فلیس اتفاقهم فی مثل ذلک سدی فلا تزدر

مولد مبارک میں تھا میلاد شریف کے روز اور لوگ جمع تھے درود
شریف پڑھتے تھے اور بیان کرتے تھے وہ معجزے جو وقت
ولادت کے ظاہر ہوئے تھے اور وہ مشاہدے جو نبوت سے
پہلے ہوئے تھے تو میں نے دیکھا کہ یکبارگی انوار ظاہر ہوئے
میں نہیں کہتا کہ ان آنکھوں سے دیکھا اور نہ کہتا ہوں روح
کی آنکھوں سے فقط خدا جانے کیا امر تھا ان آنکھوں سے دیکھا
یا روح کے میں تامل کیا تو معلوم ہوا کہ یہ نور ان ملائکہ کا ہے
جو ایسی مجلسوں پر موکل ہیں اور ایسی مشاہد پر اور میں نے دیکھا
کہ انوار ملائکہ اور انوار رحمت دونوں ملے ہوئے ہیں۔

مشاہدہ جب میں داخل ہوا مدینہ منورہ میں
اور زیارت کی روضۂ مقدس رسول اللہ صلے اللہ علیہ
وسلم کے آپ کی روح مبارک و مقدس کو دیکھا ظاہر اور
عیاں نہ فقط بیچ عالم ارواح کے بلکہ ان آنکھوں سے قریب
قریب تو میں نے معلوم کیا کہ وہ جو لوگ کہا کرتے ہیں
حضور صلے اللہ علیہ وسلم کا نمازوں میں اور آپ کی امامت لوگوں کی
نمازوں میں اور ایسی باتیں وہ یہی دقیقہ ہے اور اسی طرح
اکثر لوگ کوئی بات زبان پر نہیں لاتے مگر جو ان کی ارواح پر
ترشح کرے کسی علم سے تو ہوتی ہے وہ حقیقتاً یا اس کی
صورت پھر ایک اوس کو بیان کرتا ہے دوسرا
قبول کر لیتا ہے وہ ادراک اجمالی اور
تیسرا سنتا ہے وہ اور وجہ سے اوسکی
تائید کرتا ہے اور چوتھا اور صورت
مناسبہ اسی طرح اور یہاں تک کہ اس
امر پر ایک جماعت متفق ہو جاتی ہے اور ان کا
اتفاق ایسے امروں میں مہمل نہیں ہے پس حقیر نسمجھ اکثر کے

المشهورات العوام ولكن تفطن باسرار مايلهجون
ثم توجهت الى القبر الشريف المقدس مرة بعد
اخرى فانبسط صلى الله عليه وسلم في رقيقة بعد
رقيقة فتارة في صورة مجرد العظموت والهيبة
وتارة في صورة الجذب والمحبة والانس والانشراح
وتارة في صورة السريان حتى اتخيل ان الفضاء ممتلئ
من روحه عليه الصلوة والسلام وهي تموج فيه تموج
الريح العاصفة حتى ان الناظر يكاد يشغله
تموجها عن ملاحظة نفسه الى غير ذلك
من الدقائق ورأيته صلى الله عليه وسلم في اكثر
الامور يبدي في صورته الكريمة التي كان عليها مرة
بعد مرة مع الحاحي الهمة الى روحانيته لا
الى جسمانيته صلى الله عليه وسلم فتفطنت ان
له خاصية من تقويم روحه بصورة جسده عليه
الصلوة والسلام وانه الذي اشار اليه بقوله ان
الانبياء لا يموتون وانهم يصلون ويحجون في قبورهم
وانهم احياء الى غير ذلك ولما سلمت عليه قط
الا وقد انبسط الي وانشرح وتبدى وظهر
وذلك لانه رحمة للعالمين **مشهد آخر**
لما كان اليوم الثالث سلمت عليه صلى الله عليه
وسلم وعلى صاحبيه رضي الله عنهما ثم قلت
يا رسول الله افض علينا مما افاض الله عليك
جئنا اليك راغبين في خيرك وانت رحمة للعالمين
فانبسط الي انبساطا عظيما حتى تخيلت كأن
عطافه رداءه لفني وغشيني ثم غطني

مشہورات کو لیکن اسمین غور کر کہ جو اون کی زبان پر آیا اوسکا
اسرار کیا ہے پھر متوجہ ہوا روضۂ مقدسہ بلند کی طرف بار
بار تو ظہور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لطافت در لطافت
مین کبھی تو فقط صورت عظموت ہیبت مین اور کبھی صورت جذبہ و
محبت مین اور انس و انشراح مین اور کبھی صورت سریان مین کہ
مین خیال کرتا تھا کہ تمام فضا بھری ہوئی ہے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کے روح مقدس سے اور روح مبارک موجین مار رہی ہے
مانند ہوائے تیز کے یہانتک کہ دیکھنے والا اوسکی تموج کو دیکھکر
عنقریب ہے کہ اپنے تئین بھول جائے سوائے اسکے اور لطافتین
اور مینے دیکھا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو اکثر امور مین اوسی
صورت متشکل مین جسمین آپ تھے بار بار باوجودیکہ میری کمال
آرزو تھی کہ روحانیت مین دیکھون جسمانیت مین نہ دیکھون آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم کو مجھکو دریافت ہوا کہ آپکا خاصہ ہی روح کو
صورت جسم مین کرنا صلے اللہ علیہ وسلم اور یہی بات ہے جو آپنے
فرمایا ہے کہ انبیا نہین مرتے اور نماز پڑھا کرتے ہین اپنی قبر مین
اور انبیا حج کیا کرتے ہین اپنے قبرون مین اور وہ زندہ ہین اور
جو جو فرمایا ہے اور جب مینے آپ پر درود پڑھا جبھی مجھسے
خوش ہوئے اور انشراح فرمائے اور ظاہر ہوئے اور یہ اسواسطے
کہ آپ رحمت للعالمین ہین **مشہد** جب تیسرا روز ہوا مینے سلام
پڑھا آپ پر اور حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ پر
پھر عرض کیا کہ یا رسول اللہ عنایت ہو ہمکو کچھ اوسمین سے جو اللہ نے آپکو دیا ہے
ہم آپکے عطا کے شوق مین آئے ہین اور آپ رحمت للعالمین
ہین تو آپ نے میری طرف کمال التفات کیا یہانتک
کہ مین نے خیال کیا کہ گویا چادر مبارک کے
دامن سے لپیٹ لیا اور اوڑھا لیا خوب اچھی طرح

غبطة وتبدى لي واظهرني الاسرار وعرفني
بنفسه وامدني امدادا عظيما اجماليا وعرفني
كيف استمد به في حوائجي وكيف يرد هو الى
من يصلي عليه وكيف ينبسط الى من اطرى
في مدحه والح عليه فرايته عليه الصلوة و
التسليمات قد صار من جوهر روحه ودين
نفسه وجبلته وفطرته مظهرية للتدلي العظيم
المنبسط على وجه البشر حتى لا يكاد الظاهر
يتميز من المظهر وهذا التدلي العظيم هي
التي تدعى عند الصوفية بالحقيقة المحمدية
وهي التي يصفونها بانها قطب الاقطاب
ونبي الانبياء وكنهها ان هذا التجلي في البشرية
لما انعقدت حقيقة في المثال
متوجهة الى الخلق سميت حقيقة محمدية قطبا
ونبيا وهي تتحد مع كل من بعث الى الخلق ثم اذا تم
امر البعثة وتوجه المبعوث الى رحمة ربه وادبر على
الخلق انفكت عنه واما سيدنا رسول الله صلى الله
عليه وسلم فلما كان مندرجا في اصل بعثته ان يكون
شهيدا يوم القيمة شفيعا يومئذ متمهيدا من الله
للعصاة من خلقه ولطفا منه بالنسبة اليهم
لجرمهم عليه الصلوة والسلام همة عظيمة
تقتضي شمول الرحمة اياهم وخلوص ملكيتهم
عن بهيميتهم فيكون معه الرحمة الله وجوده
بالنسبة الى اولئك الاقوام وذلك كخلقه قوى
التناسل ليبقى النوع وكذلك خلق في كل نوع

اور ظاہر کیئے مجھپر اسرار اور پہچنوائے مجھے خود اور امداد
کی مجھکو امداد اجمالی بہت بڑی اور بتایا مجھکو کس طرح آپسے اپنی
حاجتوں مین مدد چاہون اور کسطرح وہ جواب دیتے ہین جب آپ پر
کوئی درود پڑھے اور کیسے خوش ہوتے ہین جو آپکی مدح مین کوشش
کرے یا آپسے الحاح کرے پس دیکھا مینے آنحضرت صلے اللہ علیہ و
سلم کو کہ اپنے جوہر روح اور دین نفس وجبلت وفطرت کے
سبب ہوگئے مظہر تدلی سے ایسے جو تدلی عظیم اور منبسط ہے
جہت بشر پر جسمین ظاہر اور مظہر کی تمیز نہین ہوتی اور یہی تدلی
عظیم ہے وہ جو صوفیہ کی رائے مین حقیقت محمدیہ ہے
اور اسی تدلی سے مراد ہوتے جو کہتے ہین قطب الاقطاب
اور نبی الانبیا اور کنہ اوسکا ہے ظہور اس تجلی کا بشریت مین
بس جب منعقد ہوتی ہے کوئی حقیقت مثال مین متوجہ خلقت
کی طرف تو اوسکا نام حقیقت محمدیہ رکھا جاتا ہے اور قطب
اور نبی اور وہ اوس سے متحد ہوتی ہے جو بھیجا جائے خلقت
کی طرف جب وہ امر ہو چکتا ہے اور وہ مبعوث متوجہ ہوتا ہے
رحمت رب کی طرف اور خلقت کی طرف پیٹھ کرتا ہے جدا ہو جاتی ہے
اوس سے مگر ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جو داخل تھی
اصل بعثت سے اس امر مین کہ قیامت کے دن شہید ہون اور شفیع
ہون گناہگارون کے اللہ کے لطف سے اور ظاہر ہو
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے وہ ہمت عظیم کہ شمول رحمت کے
مقتضی ہے اون پر اور ملکیتہ حاصل کرنے کو بہیمیہ
سے تو کہ ہو رحمت الٰہی کے واسطے آپکا
وجود معہ نسبت اون لوگون کے
اور یہ ایسا ہے جیسے قوتین تناسل کے
بقائے نوع کے واسطے اور اسیطرح خلقت ہر نوع مین

مایفیده عند ماینوبه النوائب النوازل صلی الله علیه
وسلم لا یزال متوجها الی الخلق مقبلا الیهم بوجهه
فلذلک کان احق الانبیاء بحلول هذه الحقیقة
المثالیة فیه واتحادها معه بحیث لا یتمیز الظاهر
من المظهر فکانه عینها لا یطرء علیه الانفکاک
وهذا احد معنی هذا البیت المشهور ع

افلت شموس الاولین وشمسنا
ابدا علی افق العلی لا تغرب

فاتحاده بهذه الحقیقة ابصرته ببصر روحی ولمیة
الاتحاد تفطنت بها ورأیته صلی الله علیه وسلم
مستقرا علی تلک الحالة الواحدة دائما لا یزعجه
فی نفسه ارادة متجددة ولا شئ من الدواعی
نعم لما کان وجهه صلی الله علیه وسلم الی الخلق
کان قریبا جدا من ان یرتفع انسان الیه بجهد همته
فیغیثه فی نائبته ویفیض علیه من برکاته
حتی یتخیل انه ذو ارادات متجددة کمثل الذی یهتم
اغاثة الملهوفین المحتاجین وتأملته علیه الصلوة
والسلام الی ای مذهب من مذاهب الفقه
یمیل لاتبعه واتمسک به فاذا المذاهب کلها عنده
علی السواء لیس علم الفروع فی حالته هذه من دیدن
روحه الکلیة انما الداخل فی جوهر روحه اصل علم
الفروع وهو عنایة الحق بنفوس البشر من جهة
اعمالهم واخلاقهم واصلاحها وهذا الاصل له
فروع واشباح یختلف باختلاف الزمان فالداخل
فی جوهر الروح هذا الاصل فلذلک کان نسبة

اوس چیز کے جو اوسے مفید ہو بروقت پیش آنے حادثہ کے
ہمیشہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم متوجہ ہین خلقت کی طرف اور
منہ کئے ہوئے اونکی طرف اسی واسطے سب نبیون سے
حقدار زیادہ ہین واسطے حلول اس حقیقت مناسبہ کے
اپنی ہین اور اوسکے اتحاد سے اپنی ساتہہ اس حیثیت سے
کہ ظاہر اور مظہر مین تمیز نہین گویا کہ وہ بعینہ وہ ہے حقیقت
ہین کہ جدائی ہی نہین اور یہ بھی ایک معنی ہین اوس بیت
مشہور کے افلت شموس الاولین وشمسنا * ابدا علے
افق العلے لاتغرب * تو اتحاد اسکا اس حقیقت سے مین نے
اپنی روح کی آنکھ سے دیکھا اور اوسکا سبب اور مین نے
معلوم کیا اوسے اور دیکھا مینے آنحضرت صلے اللہ علیہ
وسلم کو قایم ہمیشہ اسی حالت واحدہ پر کہ وہان سے نہین ہٹاتا
اونکو ارادہ متجددہ اور نہ کوئی داعیہ کسی شے کا ہان جسوقت
آپ متوجہ ہوتے ہین خلق کی طرف تو نہایت قریب ہوتے ہین
کہ انسان اپنی کوشش ہمت سے عرض کرے اور آپ فریادرسی
کرین اوسکی مصیبت مین یا اوسپر برکتین فائض فرمائین یہانتک کہ وہ
خیال کرے کہ آپ صاحب ارادات متجددہ ہین جیسے کوئی شخص مظلومون
محتاجون کی فریادرسی مین مصروف ہو اور مینے غور کی کہ آنحضرت
صلے اللہ علیہ وسلم مذاہب فقہ مین کس مذہب کیطرف مائل ہین کہ مین بھی وہ
ہی مذہب اختیار کرون تو معلوم ہوا کہ سب مذہب آپکے نزدیک برابر ہین علم فروع
ایک حالت مین نہین آپکی روح مبارک کے دیدن سے آپکی جوہر روح مین علم فروع کے
اصل ہے وہ کیا عنایت حق کی نفوس بشر پر انکے اعمال و اخلاق کی جہت سے اور
اوسکی اصلاح اور اصل یہ ہے اور اسکے فرع اور صورتین ہین مختلف
ہوتی ہین وقت اختلاف زمانہ کے پس داخل جوہر
روح مین آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کی یہ اصل ہے اسیواسطے دیکہا انکی تر

المذاهب على السواء لا تميز عنده مذهب عن
مذهب لان كل مذهب محيط بما يجب من
امهات الفقه في الدين المحمدي وان اختلف فلو
احد لم يقتف واحدا من المذاهب لم يكن النبي صلى
الله عليه وسلم يسخط بالنسبة اليه الا بالعرض
وهو ان يتفق اختلاف في ملة وتقاتل بين الناس
وفساد ذات البين وهذا اشد ما يسخط عليه
وكذلك رايت الطرق كلها عنده على السواء ثم
المذاهب ويجب التنبيه بعد ذلك على نكتة
وهي انه رب رجل يكون عنده ان النبي صلى الله
عليه وسلم يختار المذهب الفلاني وانه الحق المطلوب
ثم يقصر فيه فينعقد في قلبه اعتقاد انه قصر
في جنب الله ورسوله فيأتي رسول الله صلى الله
عليه وسلم ويقف عنده فيجد بينه وبين النبي
صلى الله عليه وسلم بابا مسدودا لا ينفتح فيقول
هذه معاتبة منه عليه الصلوة والسلام على
تقصيري والتحقيق انه اتاه بصدر ممتلئ غما
وانكباحا فانسد باب الفيض من جهة سوء
القابلية وقد يزعم الانسان ان الخروج عن المذهب
الله وتخروج عن ربقة التقليد للشرع والا
نقيادا لحكم الله وان ليس هنالك طريقة مضبوطة
غيرها فيكون الخروج عنها عنده مرادفا وملا
زما للخروج عن ربقة الانقياد فيفطن بان النبي
صلى الله عليه وسلم معاتب عليه وامثال هذه
الشبهات كثيرا ما يقع للطالب ويجب التنبيه

سب مذہب برابر ہین ایک سے دوسرا جدا نہین معلوم ہوتا اسلیئے
کہ ہر مذہب محیط ہوتا ہے اوس شے کا جو واجب ہے اُمہات
فقہ دین محمدی مین اگرچہ مختلف ہو پس اگر کوئی متبع ایک مذہب کا نہو
مذہبون سے تو آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم اوسکی نسبت ناراض
نہین مگر اوس صورت مین جب دین مین اختلاف اور جنگ و جدال
فساد کا موجب ہو لوگون مین آپس مین اور یہ امر آپکی نہایت
غصہ کا موجب ہے اور واجب ہے آگاہ کرنا اسکے بعد ایک نکتہ سے
وہ یہ ہے کہ بعض آدمیون کے یہ ذہن مین ہوتا ہے کہ وہ مذہب رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کو پسند ہے اور وہی مذہب حق اور مطلوب ہے
پھر اوسمین قصور ہو جاتا ہے تو اوسکی اعتقاد مین جم جاتا ہے کہ معنی قصور
کیا اللہ اور رسول کا پھر حاضر ہوتا ہے حضرت صلے اللہ علیہ وسلم
کی حضور مین اور دیکھتا ہے اپنے مین اور رسول اللہ صلے اللہ
علیہ وسلم مین دروازہ بند ایسا کہ نہین کھلتا تو کہتا ہے کہ یہ عتاب ہے
آپکا صلے اللہ علیہ وسلم میری تقصیر سے اور تحقیق یون ہے کہ
وہ حاضر خود ہے ایسا ہوا ہے کہ سینہ مخالفت سی بھرا ہوا ہے
اور رکاوٹ سے پس بند ہوا ہے دروازہ فیض کا
قابلیت نہونے سے اور کبھی گمان کرتا ہے انسان
کہ تقلید کو چھوڑنا شرع کی پیروی کا چھوڑنا ہے
اور تابعداری نکرنی ہے اللہ کے حکم کی
اور تقلید کے سوا کوئی طریقہ مضبوط نہین
پس اوس سے نکلنا اوس کے نزدیک
برابر ہے شرع کے انقیاد سے نکلنے
کے اس سبب وہ جانتا ہے کہ نبی صلے اللہ علیہ وسلم کا اوپر
عتاب ہے اور ایسے ہی ایسے شبہ بہت ہین کہ طالب
کے دل مین آتے ہین اور یہہ بھی ضرور رہے

ایضاً علمنی ان ناساً یدخلون المدینة المنورة
فیرون اهلها علی اعمال غیر مرضیة عندهم او فی
نفس الامر فیبغضونهم ویضمرون حقد الشر
بل یدخلون الروضة المقدسة ویواجهون فاذا جاء
وقت الصفاء والخلوص ترشح من الحقد مرارة فانکدر
حالهم فایاک ثم ایاک ان یصدک من هذا النور
الاتم علیه الصلوٰة والسلام امثال هذه الامور
ورأیته علیه الصلوٰة والسلام لابساً لباس العظموت
والتشبه بالجبروت وله رقائق کثیرة بحسب
تعدد کمالاته وتوجه الناس الیه باستعداداتهم
وامدنی علیه الصلوٰة والسلام فی ذلک المجلس مدداً
اجمالیاً لتفصیل المجددیة والوصایة والقطبیة
الارشادیة واعطانی قبولاً وجعلنی اماماً ورضی
طریقتی ومذهبی اصلاً وفرعاً لا لجمیع الناس
بل لناس مخصوصین فطرتهم فطرة التحقیق
بشرط ان لا یکون سبباً للاختلاف والتقاتل فهذه
النکتة یجب ان ینتبه بها کل من اخذ مذهبنا
اصلاً وفرعاً وطریقتنا سلوکاً ثم اردت ان اسأله
عن مسائل مبادی الوجود ومراتب الوجود والفناء
والبقاء فاذا هو علیه الصلوٰة والسلام متوجه
بالکلیة الی التدلی الذی ذکرت فکلما اردت ان
[illegible] استغراقی فی کیفیة حاله عن سؤاله
و[illegible] فسألت بلسانی
الذی [illegible] تعالی [illegible]
[illegible] ثم سألت وهلم جرا فعند

آگاہ کرنا کہ جب لوگ مدینہ منورہ مین داخل ہوتے ہین اور
وہان کے لوگون کے اعمال اپنے نزدیک برے دیکھتے ہین
یا وہ اعمال نفس الامر مین برے ہوتے ہین تو اونسے بغض اور کینہ
رکھتے ہین پہر جب روضہ مقدسہ مین حاضر ہوتے ہین اور ادھر
متوجہ ہوتے ہین اور صفائی کا وقت آتا ہے اور خلوص کا تو
اوس کینہ سے تلخی ٹپکتی ہے اونکا حال مکدر ہوجاتا ہے خبردار
خبردار اس سے بچنا کہ اوس نور اتم صلے اللہ علیہ وسلم سے ایسے امور
روکتے ہین۔ اور مین نے دیکہا آنحضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کو
عظموت کا لباس اور تشبہ بالجبروت کا پہنے ہوئے اور آپکی
بہت لطافتین ہین موافق شمار آپکے کمالات کے اور لوگون کا
متوجہ ہونا اپنی استعدادون کے موافق اور آنحضرت صلی اللہ علیہ و
سلم نے اوس مجلس مین میری اجمالی امداد فرمائی کہ تفصیل اوسکی
مجددیت اور وصایت اور قطب ارشادیت ہے اور مجہکو
قبولیت عطا ہوئی اور کیا مجہکو امام اور اچہا فرمایا میری طریقہ
اور مذہب کو اصلاً و فرعاً لیکن سب کے واسطے نہین بلکہ واسطے
خاص خاص لوگونکی جنکی فطرت مین تحقیق ہی اس شرط پر کہ وہ سبب
اختلاف اور زد و کشت کا نہو اس نکتہ سے واجب ہے آگاہ ہونا اوسے
جو ہمارا مذہب اور طریقہ اختیار کرے اصلاً و فرعاً پہر مینے چاہا کہ
دریافت کرون آپسے مسایل مبادی وجود اور مراتب وجود اور فنا اور
بقا تو مینے دیکہا کہ آپ بالکل متوجہ ہین اوس تدلی مذکور کیطرف
جب مین چاہتا تہا کچہہ پوچہون تو میرا استغراق آپکی کیفیت حال مین
مجہکو روک دیتا تہا اور مجہکو سکہایا آپنے کہ آپکے روبرو بیٹہون
اور اپنے رب سے سوال کرون اوس زبان سے جو ملاء اعلی کی طرف سے ہے
پھر مجہکو نور نے لپیٹ لیا پہر سوال کیا پہر لپیٹ لیا
پہر سوال کیا غرض اسی طرح پھر اوس وقت

ذلك يختلط سؤالي وهمته العليا فيصيب الهمم
الرجل ورأيته مستقرا على حالة واحدة من حفظ
صورته الكريمة وكونه عيبة وكونه شاهدا ووفاية ووجها
للتدلي لكونه متوجها الى الخلق لابسا لباس عظمته
وما فيه من القبول والجذب والالفة ما لا يحصى ولا
يدرك انتهاؤه فاذا توجه اليه انسان بجهد همته
ولا اريد الانسان العالي الهمة فقط بل كل ذي نفس
يشتاق الى شيء ويتوجه اليه بقصده وشوقه فانه
يتدلى اليه وهذا رد السلام واجابة الصلوات
يعني يحصل بسبب صنع هذا الانسان حالة
شبيهة بالقصد المتجدد وانا اعلمك سرا عظيما
وهو ان الحكمة في جعل هذه النسمة المباركة
للتدلي ان يتقرب الحق جلاله الى اهل الارض حتى الى
سفلتهم ايضا وكان هذا الجود لا يتم الا بتوسط
النسمة ورأيته عليه الصلاة والسلام مبتهجا
انشراحا عظيما لمن صلى عليه ومدحه ورأيته صلى
الله عليه وسلم بارزا مفيضا فيض الصحبة
لمثل المشايخ الصوفية في مجالس الافاضة واناس
بين يديه وكل ما علمنا انه مشغول واحد من مشاغله
وتفطن اخي محمد عاشق بسر عجيب لا اشك
انه من افاضة الحق ان الحج كمال تام من الكمالات
ولذلك يظهر قلوب الحجاج ابتهاج بانفسهم
وتبجح وسر المسئلة ان الوصول الى الله تبارك
وتعالى هو الكمال ولما تدلى الحق الى الخلق بنصب
الكعبة شعارا من شعائره كان الوصول اليها

مختلف ہوگیا میرا سوال اور آپکی ہمت بلند ہے تو ہر انسان کو حصہ پہنچ گیا
اور دیکھا میں نے آپ کو قرار کئے ہوئے ایک حالت پر صورت کریمہ کی
حفظ پر اور اوسکی تدلی مذکور کی ظرف ہونے پر خلقت کی طرف
متوجہ پہنے ہوئے لباس عظموت کا کہ اوس میں قبول اور
جذب ہے اور الفت بے شمار کہ اوسکی انتہا نہیں دریافت
ہوسکتی جسوقت متوجہ ہو آپکی طرف کوئی انسان کوشش
ہمت سے اور میری مراد انسان عالی ہمت ہے فقط
نہیں بلکہ کوئی ہو کہ مشتاق کسی شے کا ہو اور آپکی طرف
متوجہ ہو اوس شے کے قصد سے اور شوق سے تو آپ
تدلی کرتے ہیں اوس کی طرف اور یہی رد سلام اور اجابت
درود یعنی حاصل ہوتی ہے بسبب اوس توجہ کے ایک
حالت کہ شبیہ ہے قصد متجدد سے + اور میں بتاؤں تجھکو
ایک سر عظیم وہ یہ ہے کہ حکمت اس نسمہ مبارکہ کی ظرف
بنانے میں واسطے تدلی کے یہ ہے کہ اللہ کا بہت قرب ہو اہل زمین اور
جو ان سے نیچے ہیں اور یہی ہے کہ یہ جود تمام نہ ہوتا تھا مگر واسطے
سے اسی نسمہ کے اور دیکھا میں نے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو
بہت خوش ہوتے اوس شخص سے جو آپ پر درود پڑھے اور آپکی
مدح اور میں نے دیکھا آپکو ظاہر فیض صحبت پہنچانیوالا مانند مشائخ
صوفیہ مجلس افاضت میں اور گویا آپکی حضور میں ہوں اور میں
جو میں نے بتایا ایک شہید ہے شہدوں میں سے اور بھائی محمد عاشق کو خوب معلوم
ایک سر عجیب میں یقین کرتا ہوں حق کی طرف سے وہ یہ کہ حج ایک کمال ہے
اور کمالوں سے اور اسیواسطے حاجیوں کے دل میں بہت خوشی ہوتی ہے اور
اس مسئلہ کا سر یہ ہے کہ اللہ تبارک تعالی کا وصول تو کمال ہے اور
جب تدلی کی اللہ نے خلقت کی طرف کعبہ شریف کے قائم کرنے
سے اور اسکو شعائر اللہ سے ایک شعار بنایا تو کعبہ شریف کا وصول اللہ کا

هو الوصول الى الحق بحسب المسافة فالوصول
الى الله على وجوه والوصول بالمسافة ينتهى بالحج
والله اعلم

مشهد آخر

سألته صلى الله
عليه وسلم عن معنى قوله كنت نبيا وآدم منجدل
بين الماء والطين وما كان هذا السؤال بلسان
المقال ولا الاخطار بالبال بل ملأت روحى شوقا
ونزوعا الى هذا السر ثم الصقها بجنابه اشدها
اقل فامتلأت منه بصورة مثالية فارانى صورته
الكريمة المثالية قبل ان يوجد فى عالم الاجسام
ثم ارانى كيفية انتقاله الى هذا العالم من عالم
المثال وارانى اشباح الانبياء المبعوثين وكيف
افيض عليهم النبوة من حضرة التدبير حذوها
افيض عليه فى عالم المثال من تلك الحضرة وارانى
اشباح الاولياء وكيف يفاض عليهم العلوم
والمعارف بعده فوضح لى الامر واستبان ووعيت
عنه ما افاض على من الصورة المثالية وفطنت
بما اراد فى تلك الافاضة فها انا افسر لك ما فطنت
اعلم ان الله تبارك وتعالى تدليا عظيما متوجها الى
الخلق به يهتدون واليه يلجأون وهذا التدلى له
فى كل برهة من الزمان شأن فيبرز الى الخلق
برزة بعد برزة وكلما برز برزة ظهر فى العالم
عنوان لتلك البرزة وهو الرسول المبعوث الى الخلق
بالامر والنهى والتكليف فالرسول وما اتى به عنوان
وتلك البرزة حقيقة فاذا برز برزة ظهر فى الناس
علوم ومعارف تناسب تلك البرزة وان لم يعلموا

وصول ہوا بحسب مسافت اور وصول الی اللہ ہی بہت
وجہون پر ہے لیکن وصول بالمسافت حج سے منتہی ہوا واللہ اعلم

مشہد مینے سوال کیا آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم سے اس
حدیث شریف کے معنے جو آپنے فرمایا ہے کہ ابہی آدم علیہ السلام
آب و گل تھے کہ مین نبی تھا اور میرا یہ سوال زبان مقال سے نہ تھا
اور نہ دل کے خطرات سے بلکہ اس سر کے شوق و آرزو سے میری
روح بہری ہوئی تہی پہر مین چمٹ گیا اوس جناب سے بہت اپنی
طاقت کے موافق پہر مین بھر گیا اوس جناب سے ساتھہ صورت
مثالی کے پس آپنے دکھائی صورت مبارک مثالی جو پہلے عالم
اجسام کے پائی جاتی ہے پہر دکہائی مجھکو کیفیت اس عالم مین آنیکے
عالم مثال سے اور دکھائین مجھکو صورتین انبیاء مبعوثین کی
کہ کسطرح اون پر افاضہ ہوئی نبوۃ حضرت تدبیر سے مقابل اوسکے
جو ملے آپکو عالم مثال مین اوس حضرت سے اور دکھائین مجھکو صورتین
اولیاء کی اور کسطرح اونکو ملے علم اور معرفت بعد اوسکے تو مجھکو حال معلوم
ہوگیا اور ظاہر ہوگیا اور مین ظرف بنگیا اوس چیز کا جو مجھکو ملا
صورت مثالیہ سے اور مینے جان لیا جو آپنے اس افاضہ مین چاہا مین
اب بیان کرتا ہون تسے جو مین سمجہا جاننا چاہیئے کہ اللہ تبارک تعالے
کی تدلی عظیم خلق کیطرف متوجہ ہے اوسی سے سب ہدایت پاتے ہین اور
اُسی کی التجا کرتے ہین اور اس تدلی کی ہر ایک راز زمانہ مین شان ہے کہ
خلقت کی طرف ظہور کرتی ہے ایک بعد ایک کے اور جب ظاہر ہوتا ہے کوئی
ظہور تو عالم مین اوس ظہور کا ایک عنوان ہوتا ہے وہی رسول بھیجا گیا
ہوتا ہے خلقت کی طرف اللہ کے امر اور نہی شریعت کے ساتھ تو وہ
رسول اور وہ احکام عنوان ہین اور وہ ظہور حقیقت جب کوئی ظہور
ہوتا ہے تو لوگون مین علم اور معرفتین مناسب اوس
ظہور کے ہوتے ہین اگرچہ لوگ نجانین

المشاهدة الحقيقية [illegible]

انها فائضة منها وانها تناسبها والذين ظهر
عليهم هذه العلوم والمعارف ان كانوا ممن
اعتنوا بالاستنباط من كلام الرسول فهم الا
حبار والرهبان وان كانوا ممن لا يعتنون بذلك
وانما همتهم اخذ العلم من الله تبارك وتعالى
فهم الحكماء المحدثون اهل الحكمة الربانية
فالقومان جميعا آخذان من تلك البرزة علموا
اولم يعلموا وهذه هي المنة العظمى لاخبار الرسول
فانه لا يسمعه الا قوم دون قوم فلما اراد الله تعالى
ان يخلق آدم عليه السلام ليكون ابا النوع البشر
فارادة خلقه انما هي ارادة خلق البشر جميعا
تحركت الارواح البشرية الى المثال المناسب
بالاجسام فهيكل نبينا صلى الله عليه وسلم
اي هيكله المثالي امكن من نفسه الانطباق
هذا التدلي بحسب بدنه من البرزات فانطبق
عليه شبيها من انطباق الكلي على الجزئي وذلك
لسابق عناية الله بالناس ليوجد لهم غياث
يعد لفيضان رحمة الله يوم الحشر وليعقد الشرائع
عليهم وذب دوي فاسدة عنهم اذا احتاجوا
الى ذلك اشد حاجة فهذا معنى كونه صلى الله
عليه وسلم نبيا قبل تسوية آدم عليه السلام
ثم لما وجدت اشخاص البشر واختلف طرائقهم
فمن مفرط ومن مفرط اقتضى التدبير الالهي
ان يسوي امرهم فانطبق التدلي على رجل من
هؤلاء الاشخاص فاوحى اليه ما فيه صلاح قومه

کو وہ فائض ہین اوس ظہور سے اور اوسکے مناسب ہین اور
جن پر یہ علم ظاہر ہوتے ہین اور معرفتین اگر وہ ایسے لوگ ہین کہ کلام
رسول سے استنباط کرسکتے ہین تو اونکو احبار کہتے ہین اور رہبان
کہتے ہین اور اگر وہ لوگ ایسے نہین ہین اور اون کی ہمت ہی علم
حاصل کرنا اللہ تبارک و تعالیٰ سے تو وہ لوگ حکما محدثین اہل حکمت
ربانی ہین تو دونو فرقے اوس ظہور سے علم حاصل کرتے ہین
اس بات کو جانین یا نجانین اور یہی بڑا احسان ہے نہ اخبار
رسول کہ اوسکو کوئی قوم سنتے ہے کوئی نہین سنتی تو جب اللہ نے
چاہا کہ آدم علیہ السلام کو پیدا کرے کہ وہ نوع بشر کے باپ
ہون تو آدم علیہ السلام کے پیدا کرنے کا ارادہ بیشک سب
نوع بشر کے پیدا کرنے کا ارادہ ہے ارواح بشریہ نے حرکت
کی مثال مناسب کی طرف ساتھ اجسام کے تو پیکر ہمارے
نبی صلے اللہ علیہ وسلم کے بہت ممکن ہوے اپنی ذات کی رو سے
منطبق ہونیکو اس تدلی کے موافق ظہور کے ظہورات مین سے
پس منطبق ہوگئی اس پر از روے تشبیہ کے جیسے کلی منطبق
ہوتی ہے جزئی پر اور یہ سبب اللہ تعالیٰ کی سابق عنایت
کے ہے ان پر اور لوگون پر تا کہ پایا جاوے ایسا مددگار
کہ معد ہو فیضان رحمت خدا کا حشر کے روز اور ان کی
شریعت کے منعقد کرنیوالا اور واسطے ہٹا دینے کے انسے
امراض فاسدہ جب انکو اسکے حاجت ہو بہت سخت حاجت
پس یہ معنے ہین آدم سے پہلے آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے
نبی ہونیکی پھر جب موجود ہوے اشخاص بشری اور ان کے
طریقے مختلف ہوے کوئی افراط کرنیوالا کوئی تفریط کرنے والا
تو تدبیر الٰہی نے چاہا تو منطبق ہوئی تدلی ان شخصون مین سے ایک شخص پر
اور وحی ہوئی اوس پر جس مین اوسکی قوم کی صلاح ہوئی یعنی درستی کریگی

وكذا ظهر ببعثه برزخ من البرزخات فانما المنطبق
عليه من هذا النبي هو وجوده البشري وانما كان
في المثال حكاية انه يستعد لذلك فيفاض لاستعداده
لكن اما نبينا صلى الله عليه وسلم فكان الانطباق فيه
بالفعل لا على الحكاية ثم لما وجد صلى الله عليه وسلم
في الخارج برز بروز برزخ من برزخات التدلي
وذلك البرزخ كان مشتملا على قوى مثالية فتلبست البرزخ
لباس المثال وسد الآفاق وما كان التدلي قبل بارزا
بلباس المثال وان كان نفس المثال لابسا في
الموجود وانما اعني ان المثال لم يكن بين الله وبين
خلقه بحسب بروز هذا التدلي قبله عليه الصلوة
والسلام واما بعده فامتلأ الجو وامتلأت السموات
والارضون بالهيكل المثالي التدلي فما من آخذ علما
او معرفة او حالا الهيا او كمالا الا وماخذه القريب
هذا الهيكل المثالي علم او جهل فكان عليه الصلوة
والسلام خاتم النبيين وانقطعت النبوة بعده
لان حقيقته عليه السلام التي بعثت كالعنوان لها
هي هذه البرزخ المثالية المستطيرة اذا فهمت ذلك
تحقق عندك انه رحمة للعالمين وانه خاتم النبيين
وان الانبياء عليهم السلام انما اخذوا الفيض
عن حضرة التدلي وان كانوا في عالم الاجسام واما الاولياء
فانما ياخذونه عن برزخ مثالية هي حقيقة بعثته
عليه السلام وما ميزت شخصا من اولئك
الاشخاص عن هذا السر الا ابراهيم عليه السلام
فانه انعقدت نبوته في الروح انعقادا ضعيفا

اور ظہور کیا اُس کے بعثت سے ایک برزہ نے پس جز این نیست
کہ منطبق اُس شخص پر اس نبی سے وہی وجود بشری ہے اور
بیشک وہ مثال مین حکایتا تھا تاکہ مستعد ہو وہ واسطے
اُسکے پس افاضہ کیا جاتا ہے وہ جسکی استعداد رکھتا ہے مگر ہمارے
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم مین اُسی وقت منطبق تھا حکایتہ نہ تھا
پھر جب ظاہر ہوئے آنحضرت خارج مین تو ظاہر ہوا ابرزات
تدلی سے ایک برزہ اور وہ برزہ مشتمل تھا قوت مثالیہ پر
اوس برزہ نے لباس مثال کو پہنا اور درست اور سد ید
کر دیا آفاق کو اور پہلے تدلی کا بروز نہ تھا مثال کے لباس
مین اگرچہ نفس مثال موجود تھا اور تحقیق میری مراد یہ ہے کہ
مثال نہ تھی بحسب بروز اس تدلی کے پہلے آنحضرت صلے اللہ
علیہ وسلم سے درمیان اللہ اور خلقت کے لیکن بعد مین پُر
ہوگیا جو اور سب آسمان اور زمین ہیکل مثالی تدلی سے
پھر جسکو حاصل ہوا علم یا معرفت یا حال الٰہی یا کمال اوسکا
ماخذ قریب یہی ہیکل مثالی ہے وہ جانے یا نجانے پس ہوئے
نبی صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم خاتم النبیئن اور منقطع ہوگی آپکے بعد
نبوت اسلئے کہ حقیقت آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کے جبکہ مبعوث
مانند عنوان کے تھے نبوت کی وہ یہی برزہ مثالیہ مستطیرہ تھا
جب تمنے یہ بات سمجھ لی تو تمکو معلوم ہوگیا کہ آپ رحمت للعالمین
ہین اور خاتم النبیئن ہین اور سب انبیا کو فیض اِس
تدلی سے ہوا اگرچہ وہ عالم اجسام مین تھے اور تحقیق
اولیا نے حاصل کیا فیض برزہ مثالیہ سے کہ وہ حقیقت
بعثت ہے آنحضرت کی اور مجکو تمیز نہین ہوا کوئی
اُن اشخاص مین سے اِس راز کے مگر حضرت ابراہیم علیہ السلام
کہ اُن کی نبوت عالم روح مین منعقد ہوئی ساتھ انعقاد ضعیف کے

من انعقاد نبوة نبينا صلى الله عليه وسلم فظهر
التدلي ببعثته برزة روحية ظهور الضعف
من ظهور البرزة المثالية عند بعثة نبينا صلى
الله عليه وسلم ولذلك لم يكن بعده كامل نبي ولا محدث
الا في ملته ولما انقطع النبوة فلما وجد نبينا ظهرت
البرزة المثالية ظهورا بينا فانقطعت راسا وافيضت
العلوم والمعارف فيضانا ثجاجا الاجمالي الاكثر
منعقدة في المثال **تحقیق شریف**
قلت ما الحكمة في كون الناس في الزمن من
الاول بعد آدم عليه السلام مايلين الى جمود الفكر
وخمود الطبيعة مخلدين الى الاحكام البهيمية لم
يستنبط احد من الارتفاقات الا القليل ولا
من العلوم المحاضرة الطبيعية والالهية الا القليل
النادر مع طول اعمارهم وكثرة امعانهم وخوضهم
ثم لم يزل من بعد ابراهيم عليه السلام يزيد قليلا
قليلا في اليونان والروم والفارس وبني اسرائيل
والمغرب والعراق والعرب حتى وجد سيدنا
رسول الله صلى الله عليه وسلم فتفجرت بعده العلوم
ثجاجا ونبع منهم العلوم الحكمية والفنون الادبية
والمحاضرات والعلوم الشرعية بحيث لا انتهاء
لها ولا ارجاء **قلت** ان الله تبارك وتعالى تدليا
عظيما امتلاء منه السموات والارضون
وحقيقته معرفة الشخص الاكبر ربه فانما
عرف ربه حق معرفته وتصوره كما ينبغي
من تصوره ارتسمت في مداركه صورة شتا

انعقاد نبوت ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے پس ظاہر ہوا
تدلی ساتھ بعثت برزہ روح ابراہیم علیہ السلام سے ضعیف
ظہور برزہ مثالیہ بعثت ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے اور
اسیواسطے تھوا کوئی کامل نبی اور نہ محدث مگر آن کی ملت مین اور
نہ منقطع ہوئی نبوت پھر جب آئے ہمارے نبی تو ظاہر ہوا برزہ
مثالیہ بہت روشنی اور منقطع ہوگئی نبوت اور افاضہ ہوئے علوم
اور معرفتین اچھی طرح اسواسطے کہ وہ اکثر مین منعقد تھے مثال مین
تحقیق شریف اگر تم پوچھو کیا حکمت ہے کہ زمانہ سابق مین
حضرت آدم علیہ السلام کے بعد لوگ کند ذہن وسرد طبع
وبہایم سیرت ہوئے کسی نے ارتفاقات کا استنباط نکیا
مگر قلیل آدمیون نے اور نہ علوم محاضرت اون کو
حاصل ہوا طبیعی اور الہی مگر شاذ نادر کو باوجودیکہ عمرین
بڑی پائین اور فکر وخوض بہت کے پھر بعد حضرت
ابراہیم علیہ السلام کی تھوڑی تھوڑی بڑھتی گئی یونان
و روم و فارس و بنی اسرائیل اور مغرب
اور عراق اور عرب مین یہان تک کہ پیدا ہوئے ہمارے
حضرت رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم پھر تو علوم کے دریا رواں
ہوگئے اور آن سے علوم حکمیہ کے چشمے جاری ہوگئے اور فنون ادبیہ
اور محاضریہ اور علوم شرعیہ ایسے کہ جنکی انتہا
نہ حد تو اوس کا یہ سبب ہے کہ اللہ تعالی کی ایک
تدلی عظیم ہے جس سے سب آسمان اور سب زمینین پر
ہین اور اوس کی حقیقت یہ ہے کہ شخص اکبر نے جب اپنے
رب کو پہچانا جیسا اوس کی معرفت کا حق تھا
اور اوس کا تصور جیسا چاہیے ویسا کیا، دس
شخص اکبر کے تصور سے اوسکے مدرکہ مین منقش ہوئی

تجلي جلال الله وعزته على وجهه وهذه الصورة
دائمة ما دام الشخص الأكبر وهي منطبعة حكاية
الله وحاكية له اتم حكاية واوفقها بما في نفس
الامر ثم لما وجدت العناصر والافلاك في الطبيعة
الكلية كانت هذه الطبيعة محفوظة فيها كما
تحفظ الطبيعة الارضية في المعدن والنبات
والحيوان والانسان وكانت خواصها ومقتضيا
تها وقواها ايضا محفوظة بانحفاظ نفسها ثم
لما وجدت المعادن والنباتات والحيوانات
والانسان كانت طبائع العناصر والافلاك
محفوظة فيها وليست هذه الا كالمرايا لظهور
خواص الافلاك وحركاتها والعناصر وطبائعها
وكانت الطبيعة الكلية بما معها من القوى محفوظة
في الافلاك والعناصر فكل فرد من الانسان في جذر
وجوده وجوهر نفسه واصل تحقق معرفة ربه
الا انها في حجب كثيفة اذ لوح نفس الانسان عرضة
لظهور حكم كل طبيعة من طبائع الامهات والمولدات
وبقدر انطباع تلك الصور ينتقص صفائها و
يختفي حكم نقطة التدلي التي هو الحبل الذي يتمسك
به عارف ربه فتلك الحجب المتراكمة بعضها فوق
بعض فمن رزق التنبه بحقيقة الحقائق وعرف
انفسارها الى الطبيعة الكلية واجزائها تمثل
نور الله عنده كمشكوة فيها مصباح المصباح
في زجاجة الآية استنار به الحجب كلها بنور الاصل و
استضاءت بضوئه وكانت له في معرفته عليه

یہ صورت عمدہ کہ یاد دلائی اللہ تبارک تعالی کی عزت
اور جلال اور جب تک شخص اکبر ہے جب تک یہ صورت
دایم ہے اور اللہ تعالی کو یاد دلاتی ہے بہت اچھی طرح
اور بہت موافق ہے نفس الامر کے پھر جب پیدا ہوئے
عناصر اور افلاک طبیعت کلیہ مین تو یہ طبیعت کلیہ
محفوظ تھے اوس صورت مین اس طرح جیسی طبیعت
ارضیہ محفوظ ہے معدن اور نبات اور حیوان اور انسان
مین اور ان کے خواص اور مقتضیات اور قوا بھی محفوظ
ہین ساتھ انحفاظ اپنے نفس کے پھر جب پائے گئے
معادن اور نباتات اور حیوانات اور انسان تو تھین طبائع
عناصر و افلاک محفوظ ان مین اور نہین یہ مگر مانند
مرایا کے واسطے ظہور خواص اور حرکات افلاک اور
عناصر اور اُسکے طبائع کے اور تھی طبیعت کلیہ معہ اپنی قوا
کے افلاک و عناصر مین محفوظ تو ہر فرد انسان کے اصل و اصل جوہر نفس اور
بنیاد تحقق مین اپنی رب کے معرفت تھی مگر بہت پردون اور حجابون
مین اسواسطے کہ لوح نفس انسان سرمایہ ہی واسطے ظہور حکم ہر طبیعت کے طبائع
اُمہات و مولدات سے اور بقدر منتقش ہونی ان صورتونکی ناقص ہوجاتی ہے
صفائی اُس لوح نفس انسان کی اور پوشیدہ ہوجاتا ہی حکم نقطہ تدلی کا وہ تدلی
جو ایک ایسی رسّی ہی کہ جو اُسکو پکڑے اپنی رب کو پہچانے پس وہی حجاب
متراکم ہین کہ ایک دوسرے پر پڑے ہوئے ہین تو جس شخص کو نصیب ہوگیا
تنبہ تحقیقت الحقائق پر اور جان لیا اُسنے انفسا تدلی کا طبیعت
کلیہ کیطرف اور اُسکے اجزا کے تو اُسکے نزدیک اللہ کی نور کی مثال
ایسی ہی کہ جیسے کمشکوۃ فیہا مصباح المصباح فی زجاجۃ الایۃ اوس
شخص کے حجاب سب اٹھ گئے اور اوس کی روشنی سے
روشن ہو گئے اور وہ حجاب اوسکو مفید ہو گئے

ومن لم يرزق التنبه لعله لم يعرف انحسارها ومثل
ظلمته المتراكمة كظلمات في بحر لجي يغشاه موج
من فوقه موج من فوقه سحاب الآية وإذا
مهدت هذا فاعلم أنه بقدر إعداد المعدات تظهر
هذه النقطة وآثارها وكلما كان الإعداد أتم وأوفر
كان ظهورها أصرح وأبين ومن المعدات
الملأ الأعلى ولست أعني بهم الملائكة فقط بل
أعظمهم وأشبههم نفوس الكمل حين طرحت
عنها جلابيب أبدانها الكثيفة فكل من مات
من الكمل يخيل إلى العامة أنه فقد من العالم
ولا والله ما فقد بل يجيء هو في كل سيد من
سادات الملأ الأعلى يوفق لفتح الحجب المتراكمة
والوصول إلى هذا التدلي فيدخل موج من هذا
التدلي في قرحة هذه النفس فيمتلئ النفس بمعرفة
الله ثم يعوج الموج إلى هذا التدلي فيتحقق لهذا
التدلي تدل آخر إلى ما يلي النفوس البشرية
المحبوسة في أجسادها ويعد العالم بعوارض أفاضة
المعرفة على تلك النفوس وهكذا تتراكم أنوار
الملأ الأعلى وتتنازل عدد هائلة حتى يلي الأرض
وبعضها الأسفل وبعضها من هو فوق ذلك
حتى امتلاء الحق الذي بين أرض هذه النفوس
وبين سماء تلك المعرفة فلذلك يكون معرفتهم
في آخر الزمان أسرع [illegible] وأصح [illegible]
وإلى هذه الدقيقة أشار النبي صلى الله عليه وسلم
حيث قال إذا اقترب الزمان لم تكد رؤيا المؤمن

مفصّل ہوئی اور جس شخص کو نصیب نہوا تنبہ حقیقت الحقایق پر
اور اسنے نجانا اسکے انفسار کو تو اوسکے ظلمات کی مثال ایسی ہی
جیسے کظلمات فی بحر لجی یغشاہ موج من فوقہ موج من فوقہ
سحاب الآیۃ جب یہ تمہید ہولی تو جان لینا چاہیے کہ معدات کے
اعداد کی قدر وہ نقطۂ تدلی کا ظاہر ہوتا ہی اور اوسکے آثار ظاہر ہوتے
ہین تو جسقدر اعداد اتم و اوفر ہوگا اتنا ہی ظہور بھی صریح اور
ظاہر ہوگا اور معدات ملاء اعلی سے اور میری مراد اس سے فقط
فرشتے نہیں بلکہ ہو نفوس کاملہ کہ اعظم اور اشبہ ہین ان سے جسوقت
اپنے بدن کی کثیف چادرین اتار ڈالتے ہین اور جب کوئی کاملون
مین سے مرجاتا ہے تو عام لوگ جانتے ہین کہ وہ عالم سے گم
ہوگیا خدا کی قسم یون نہین ہی کہ وہ گم ہوگیا وہ گم نہین ہوا
پس ہر سردار بزرگان ملاء اعلی مین سے توفیق دیا جاتا ہی
واسطے قطع کرنے حجاب متراکمہ کے اور داخل ہونے اس
تدلی سے پہر داخل ہوتی ہی ایک موج اس تدلی کی اس نفس کے
اندر شرحہ کے تو نفس بھر جاتا ہے اللہ کی معرفت سے پہر عود
کرتی ہے وہ موج اس تدلی کی طرف پہر متحقق ہوتی ہے
اور تدلی واسطے اس تدلی کے طرف اوس چیز کے کہ
قریب ہے نفوس بشریہ محبوسہ فی الاجساد سے واسطے تقریب افاضہ
معرفت کے اوپر ان نفوس کے اسیطرح متراکم ہوتی ہین انوار ملاء اعلی کے اور
برستا جاتا ہی امداد ان کا بعضے قریب اعلی کے اور بعضے اسفل کے اور بعضے
ان دونوں کے درمیان یہانتک کہ پر ہوجاتا ہی جو درمیان ہے ان نفوس کی
ارض کے اور معرفت کے سما کے تو اسیواسطے معرفت نفوس کی آخر زمان مین بہت جلد
ہوتی ہے اس سے جو پہلے تہی اور بہت صحیح ہوتی ہی اوس سے جو پہلی تہا اور
اس دقیقہ کی طرف اشارہ فرمایا ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو حدیث شریف
مین آیا ہی اذا اقترب الزمان لم یکد رؤیا المومن

يخطی ای اذا اقترب من القيمة وكذلك فالطبيعة
العرشية علوم الارتفاقات الانسانية موضوعة
بل ارتفاقات كل نوع بل احكام جميع النفوس و
الانواع فكل من برع فی استخراج الارتفاقات انما
استمطر الجود مما هنالك واذا ارتسخ هذا الفيض
فی قلبه ثم عاد الى منبعه ظهر لتلك الطبيعة
بحسب هذا الكمال تدلی الى سائر النفوس البشرية
وسهل انطباع تلك العلوم واذا مات هذا البارع
لا يفقد هو ولا براعته ولا هذه الشرح بل كل
ذلك بحاله وافراد هذه النفوس يعد بعضها
لبعض فی نسبتها فی الطبيعة الانسانية المتجسدة
فی المثال بشخص واحد كنسبة القوی والصور
الخيالية فكان المقدمات الفكرية تعد لفيضان
النتيجة فكذلك النفوس الزكية تعد لن كان عشاياها
الناس وهذه المعرفة احد معانی قولنا فی القصيدة اللامية

ع شهدت تداوير الوجود جميعها
تدور كما دار الرحی المتمايل

مشاهد اخری علی الاجمال ما توجهت
قبل قبره عليه الصلوة والسلام الا ورأيته حاضرا
ظاهرا اما بان نفتح بصر روحی فرأيته علی ما هو
واما ان تأثرت نفسی منه تأثرا فكان ذلك الاثر
حاكيا عنه فلما توجهت اليه ونفسی ملأی
من الشوق الی ظهور حقيقة اختصصت بعض
معارف مراتب الجود واستنباط معارف الشرائع
من قبل نفتش حال النفوس فلما رقت نفسی

یخطی ای اذا اقترب من القیامۃ اور اسی طرح طبیعت
عرشیہ مین علوم ارتفاقات انسانیہ کے موضوع ہین
بلکہ ارتفاقات ہر نوع کے بلکہ احکام جمیع نفوس اور
انواع کے پس جو کوئی کامل و فایق ہوا استخراج ارتفاقات
مین اوس نے یہین سے فیض پایا اور جب راسخ ہو گیا
یہ فیض اوس کے قلب مین پہر عود کیا اپنے منبع کی طرف
تو ظاہر ہوا واسطے اسی طبیعت کے بموجب اس کمال
کے تدلی طرف تمام نفوس بشریہ کے طرف اور آسان
ہو گیا منتقش ہونا اون علوم کا پہر جب مرتا ہے
وہ کامل و فایق تو گم نہین ہوتا وہ اور نہ اُسکا
کمال و فضل اور نہ وہ شرح بلکہ سب بحال خود
رہتے ہین اور ان نفوس کے افراد مُعِد ہوتے ہین
بعضے واسطے بعضون کے اور نسبت اُن کی زیج
طبیعت انسانیہ متجسدہ فی المثال کے شخص واحد سے
ایسی ہے جیسے نسبت قوی اور صور خیالیہ کے
تو جیسے مقدمات فکریہ مُعِد ہوتی ہین فیضان نتیجہ کی اسی طرح نفوس
زکیہ مُعِد ہوتی ہین واسطے از کا تمام آدمیونکی اور یہ معرفت ہمارے قول کے
معانی مین سے ایک معنی ہے جو ہمارا قول قصیدہ لامیہ مین ہے اور وہ یہ ہے ع

شہدت تداویر الوجود جمیعہا ✦ تدور کما دار الرحی المتمایل ✦

مشاہدہ اخری علی الاجمال مین جب متوجہ ہوا ہون روضۂ رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم کیطرف جب ہی آپکو دیکھا ہے حاضر ظاہر یا کیہ میری روح
کی آنکھ کھل گئی ہے تو آپکو دیکھا ہے جیسے آپ ہین اور یا میرا نفس متاثر ہوا آپ سے
اور یہ اثر حاکی ہے آپکا سو ایک وقت مین متوجہ ہوا آپکی طرف درحالیکہ
میرا نفس شوق سے بہرا ہوا تھا ظہور حقیقت اس شے سے جس سے مین خاص ہوا یعنے
معارف مراتب جود اور استنباط معارف شرایع قسم دریافت حال نفوس سے تو پہر نفس

في المشاهدة الثامنة عشر ۱۲

بنفسه عليه الصلوٰة والسلام وامتلأت ابتهاجا
بتلك العلوم وتلذذا بها ومما افيض علي نظر
الحق فانه شيء خصص به النبي صلى الله عليه
وسلم من بين الانبياء عما بينا من هيكل التدلي
واقتصاصه وانتقاله بانتقاله الى الناسوت
فتوجهت اليه اشد توجه فانطبع نور هذا
النظر في نفسي فعرفت حينئذ نفسي كانما ينظر
اليها الله تبارك وتعالى وتيقنت ان من خواص
هذا النظر ان هذا الرجل لا يجلس في مكان
يذكر فيه ربه الا وتبعته السموات والارضون
لاسيما اجزاء الارض الى السفلى واجزاء الجو
الى السماء السابعة بل العرش وانه اذا استمكن
من الرجل صار قطبا وفطنت عند الافاضة
انه ليس انطباعا كهيئة الانطباعات بل دخل
في جوهر الروح وبدن النفس ورأيت ابدا الى النور
كهيئة اهل الملأ السافل ورأيت ينبع من قلبه
صلى الله عليه وسلم ينبوعا ثجاجا

مشهد آخر بينما انا اصلي سبحة الضحى في مصلى النبي صلى
الله عليه وسلم بين المنبر والقبر اذ تجلى السر الذي
استفدت اصله من حقيقة الكعبة وهو قرب
الملأ الاعلى ونحو العبادة ففطنت حينئذ مراد
النبي صلى الله عليه وسلم من قوله اما السجود
فاجتهدوا في الدعاء وقوله لبعض صحابه اعني
على نفسك بكثرة السجود فهذا القرب لا يحصل
الا بالدعاء تضرعا والحاحا واطراحا بين يدي

آپ کے نفس سے ملصق ہوگیا اور پر ہوگیا اُن علموں کی خوشی
سے اور ٹھنڈک سے اور ایک روز مجھ پر افاضہ ہوئی
نظر حق کی وہ ایک ایسی شے ہے جس سے خصوصیت ہے
آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کو کل نبیون سے بسبب
